**AQF / Fazil**

**13-03-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں .................................. کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم مودی نے ایران کے صدر مسعود پیزیشکیان کے ساتھ مغربی ایشیاء کی صورتحال پر بات چیت کی۔ انہوں نے کشیدگی میں اضافے اور شہریوں کی ہلاکت پر تشویش کا اظہار کیا۔

2- ایران کے نئے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ مجتبیٰ خامنٗی ای نے خلیجی عرب ممالک پر حملے جاری رکھنے اور آبنائے ہرمز کو بند کیے جانے کو امریکہ اور اسرائیل کے خلاف استعمال کرنے کا عہد کیا ہے۔

3- امریکی فوج کا ایندھن بھرنے کا ایک طیارہ آپریشن Epic Fury کے دوران عراق میں تباہ ہو گیا۔

4- وزیر اعظم نریندر مودی آج گوہاٹی سے پی-ایم کسان اسکیم کی 22 ویں قسط جاری کریں گے۔ وہ آسام میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز بھی کریں گے۔

5- نئی دلّی میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2026 میں سُمت انٹِل نے نیزا پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور خواتین کے آئندہ FIH ہاکی عالمی کپ 2026 کیلئے بھارت نے اپنی جگہ پکّی کر لی ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

**PM-IRAN PREZ**

وزیراعظم نریندر مودی نے ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے ساتھ بات چیت کی اور مغربی ایشیاء خطے کی سنگین صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ انہوں نے کشیدگی میں اضافے، شہریوں کی جانی اتلاف اور شہری بنیادی ڈھانچے کو پہنچنے والے نقصان پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارتی شہریوں کی حفاظت اور سلامتی کے ساتھ ساتھ سامان اور توانائی کی بلارکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانا، بھارت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے خطے میں امن واستحکام کیلئے بھارت کے عزم کو دہراتے ہوئے مسائل کے حل کیلئے بات چیت اور سفارتکاری پر زور دیا۔×

**MOJTABA-ATTACKS**

ایران کے نئے رہبر اعلیٰ آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای نے خلیجی عرب ملکوں پر حملے جاری رکھنے اور اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز کو مؤثر طور پر بند کرنے کو امریکی اور اسرائیل کے خلاف دباؤ کے طور پر استعمال کرنے کا عزم ظاہر کیا ہے۔ اسرائیل کے حملے میں ہلاک ہوئے اپنے والد کا جانشین منتخب ہونے کے بعد، یہ اُن کا پہلا عوامی بیان تھا۔

اسرائیل کو شبہ ہے کہ مجتبیٰ خامنہ ای جنگ کے آغاز میں ہونے والے حملوں میں زخمی ہوگئے تھے، جس کے بعد سے وہ عوام کے سامنے نہیں آئے ہیں۔ سرکاری ٹیلی ویژن کے نیوز اینکر کے ذریعہ پڑھ کر سنائے گئے بیان میں انہوں نے جنگ میں مارے جانے والوں کا بدلہ لینے کا عہد کیا۔ اس بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ جنگ کو جاری رکھنے کیلئے تیار رہیں، جس کے باعث عالمی سطح پر توانائی کی سپلائی، بین الاقوامی سفر اور خلیج عرب ملکوں کی امن و سلامتی متاثر ہوئی ہے۔×

**WEST ASIA CONFLICT**

پورے مغربی ایشیاء میں، گزشتہ کچھ گھنٹوں کے دوران فوجی کارروائیاں تیز ہو گئی ہیں اور خطّے کے مختلف حصوں سے تازہ حملوں اور میزائیلوں کو فضا میں ناکارہ بنانے کی خبریں موصول ہو رہی ہیں۔ اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اُس کے طیاروں نے تہران میں Basij نیم فوجی فورس کے چیک پوائنٹس کو نشانہ بناتے ہوئے حملے کیے ہیں۔

اسرائیلی دفاعی افواج کے مطابق اِن حملوں میں ایرانی سکیورٹی فورسز کی سڑک پر حائل اُن رکاوٹوں کو نشانہ بنایا گیا، جو وہ راجدھانی میں نقل و حرکت کو کنٹرول کرنے کیلئے استعمال کرتی ہیں۔ ایرانی عہدیداران نے ابھی تک نقصان کی کوئی تفصیلی تصدیق فراہم نہیں کی ہے۔ اس دوران جہازرانی کے ایک اہم عالمی راستے آبنائے ہرمز کے اطراف کشیدگی برقرار ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ- **V/C - Vinod Kumar**

*مغربی ایشیاء جنگ میں مزید تیزی آنے کے پیشِ نظر خلیجی تعاون کونسل کے ممالک میں سکیورٹی سخت کر دی گئی ہے۔ اس لڑائی کے شروع ہونے کے بعد سے سبھی GCC ممالک کو میزائل اور ڈرون حملوں کے خطرے کا سامنا ہے۔سعودی عرب میں، فضائی دفاعی نظام نے توانائی کے مراکز کو نشانہ بنانے والے ڈرونز کو ناکارہ کر دیا ہے۔عہدیداران نے تیل کی اہم تنصیبات اور اہم شہروں میں سکیورٹی سخت کر دی ہے۔ بحرین میں جہاں امریکہ کا پانچواں بیڑہ موجود ہے، اُس نے بھی متعدد ڈرونز اور میزائلز کو ناکارہ بنانے کی خبر دی ہے۔متحدہ عرب امارات میں فضائی دفاعی نظام خطرات کے پیشِ نظر پوری طرح سرگرم ہے۔خبروں میں کہا گیا ہے کہ کل ایران کی جانب سے داغے گئے 10 بیلسٹک میزائل اور 26 ڈرونز کو UAE فورسز نے ناکام بنا دیا۔عہدیداران نے کہا ہے کہ UAE کشیدگی میں اضافہ نہیں چاہتا، لیکن اُس کے اقتدارِ اعلیٰ کی کسی بھی خلاف ورزی کا وہ سختی سے جواب دے گا۔*

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

**US-AIRCRAFT CRASH**

امریکہ کی سینٹرل کمانڈ نے تصدیق کی ہے کہ امریکی فوج کا ایندھن بھرنے کا ایک طیارہ عراق میں تباہ ہو گیا ہے اور بچاؤ کارروائیاں جاری ہیں۔ KC-135 طیارہ ایران کے خلاف آپریشن میں شامل تھا، لیکن فوج نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ طیارہ دشمن کی گولہ باری یا غلطی سے گولہ باری کی زد میں آنے کی وجہ سے تباہ نہیں ہوا۔ امریکی سینٹرل کمانڈ جو مغربی ایشیاء کی کمان سنبھالتی ہے، اُس نے کہا ہے کہ اس آپریشن میں دو طیارے شامل تھے اور ایک بحفاظت اُتر گیا، جبکہ دوسرا مغربی عراق میں تباہ ہو گیا۔×

**PM-NXT SUMMIT**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ مغربی ایشیاء میں جاری رکاوٹوں کے باوجود بھارت عالمی سطح پر ایک معتبر اور قابل اعتماد ملک کے طور پر پہچانا جاتا ہے۔ نئی دلّی میں NXT کنکلیو سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ خطے میں مشکل حالات کے باوجود ملک مضبوط اور مستحکم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مغربی ایشیاء میں تنازع کے باعث سپلائی چین میں پیدا ہونے والی رکاوٹوں سے نمٹنے کیلئے حکومت صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ وزیراعظم نے توانائی کے شعبے سے متعلق چیلنجز سے نمٹنے کیلئے حکومت کے عزم کو دہرایا اور کہا کہ تیل کی پیداوار بڑھانے، توانائی تک رسائی کو وسیع کرنے اور اس شعبے میں خود کفالت کو مضبوط بنانے کیلئے اقدامات کئے جارہے ہیں۔

**0815-PM Energy Self Relainc**

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**UN-WEST ASIA**

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گُتریس نے مغربی ایشیاء میں بڑھتے ہوئے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور خبردار کیا ہے کہ یہ صورتحال عالمی امن اور سلامتی کیلئے بڑا خطرہ بن سکتی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب گتریس نے کہا کہ موجودہ تنازع کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات اور تکالیف کا سامنا ہے۔ انہوں نے تمام فریقوں سے کشیدگی کم کرنے اور مذاکرات کی طرف بڑھنے کی اپیل کی۔ اقوام متحدہ کے سربراہ نے فوری طور پر دشمنی ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے زور دیا کہ سفارتکاری ہی آگے بڑھنے کا واحد مؤثر راستہ ہے۔×

**PM-ASSAM VISIT**

وزیر اعظم نریندر مودی آج سے آسام کا دو روزہ دورہ کریں گے۔ دورے کے دوران جناب مودی ریاست میں 47 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V/C - Aminul Haque**

*وزیر اعظم آج سہ پہر کوکھراجھار پہنچیں گے اور 4 ہزار 570 کروڑ روپے مالیت کے پروجیکٹوں کیلئے بھومی پوجن کریں گے، سنگِ بنیاد رکھیں اور افتتاح کریں گے۔ اس موقعے پر وزیر اعظم کوکھراجھار میں ریل گاڑیوں کی ایک خاص مدّت کے بعد مکمل مرمت اور جانچ کے ورکشاپ کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم تین نئی ٹرینوں کو جھنڈی دکھا کر روانہ کریں گے۔ جناب مودی گوہاٹی جانے سے قبل کوکھراجھار میں ایک جلسۂ عام سے خطاب بھی کریں گے۔ وزیر اعظم ملک بھر کے 9 کروڑ 30 لاکھ سے زیادہ کسانوں کیلیے پی-ایم کسان اسکیم کی 22 ویں قسط بھی جاری کریں گے۔ کل وزیر اعظم سِلچر کے مقام پر 23 ہزار 550 کروڑ روپے مالیت کے متعدد پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اُنہیں ملک کے نام وقف کریں گے۔*

*گوہاٹی سے امین الحق کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں......*

**PM-KISAN SCHEME**

وزیراعظم مودی آج آسام کے گوہاٹی سے پردھان منتری کسان سمّان ندھی کی 22 ویں قسط جاری کریں گے۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہاں نے کہا کہ جناب مودی تقریباً 9 کروڑ 32 لاکھ کسانوں کے بینک کھاتوں میں فوائد کی براہ راست منتقلی DBT کے ذریعہ 18 ہزار 640 کروڑ روپے جاری کریں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس اسکیم کے تحت اب تک کسانوں کو 4 لاکھ 9 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم پہلے ہی منتقل کی جاچکی ہے۔ جناب چوہان نے کہا کہ اس قسط کے جاری ہونے کے ساتھ ہی اسکیم کے تحت کُل رقم 4 لاکھ 27 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کر جائے گی۔

**S/B Chauhan**

**PARLIAMENT TODAY**

لوک سبھا میں آج مالی برس 2025-26 کیلیے اضافی مطالبات زَر کے دوسرے مرحلے پر مزید بحث اور ووٹنگ کی جائے گی۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن آج ایوان میں بحث کا جواب دیں گی۔ راجیہ سبھا میں دیہی ترقیات کی وزارت کے کام کاج پر بحث کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کل لوک سبھا میں پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے مغربی ایشیاء میں

جاری تنازع کے باعث عالمی توانائی کی سپلائی میں پیدا ہونے والی رکاوٹ کے سلسلے میں حکومت کی جانب سے کئے گئے اقدامات پر بیان دیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں LPG کی فراہمی مکمل طور پر محفوظ ہے نیز گھریلو LPG کی بکنگ سے فراہمی تک کا معیاری وقت 2.5 دن ہی برقرار ہے۔

**S/B Hardeep Singh Puri**

لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے کہا کہ LPG کے حوالے سے لوگوں میں کافی تشویش پائی جارہی ہے اور ریستورانوں کو اپنا کاروبار چلانے میں مشکلات پیش آرہی ہیں، جبکہ ریڑھی پٹری والے بھی اس سے متاثر ہورہے ہیں۔

**S/B Rahul Gandhi**

**IMD-WEATHER**

بھارتی موسمیات محکمے IMD نے اتوار تک اروناچل پردیش میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ آسام، میگھالیہ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں آج شدید بارش ہوسکتی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے مدھیہ پردیش میں شدید گرمی کی پیشگوئی بھی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ دو سے تین دنوں کے دوران شمال مشرقی خطّے، چھتیس گڑھ، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔×

**PARA ATHELETICS**

کل نئی دلّی میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2026 میں سُمت انتِل نے مردوں کے نیزا پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے 69 اعشاریہ دو پانچ میٹر تک نیزا پھینکا۔ پُشپیندر سنگھ نے اس مقابلے میں چاندی کا تمغہ، جبکہ پونم رام نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت نے اس تقریب کے دوسرے دن ٹریک اینڈ فیلڈ مقابلوں میں غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔×

**FIH HOCKEY WOMEN'S WC**

بھارت نے، خواتین کے FIH ہاکی عالمی کپ 2026 کیلئے اپنی جگہ پکّی کر لی ہے۔ حیدرآباد میں جاری کوالیفائنگ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں پہنچ کر بھارتی ٹیم نے اس ٹورنامنٹ کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔ یہ کوالیفائنگ ٹورنامنٹ حیدرآباد میں ہو رہا ہے۔ بھارت کے علاوہ 7 دیگر ٹیمیں بھی آئندہ خواتین ہاکی عالمی کپ کیلئے کوالیفائی کر چکی ہیں۔×

## WORLD BOXING FUTURES CUP

باکسنگ میں، بھارتی یوتھ ٹیم نے ورلڈ باکسنگ فیوچرز کپ 2026 کے پانچویں دن بینکاک میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ گُنجن، رادھا منی لونگ جام اور چندریکا پجاری نے اپنے-اپنے مقابلوں میں کامیابی حاصل کی۔ گُنجن نے پولینڈ کی کھلاڑی کو پانچ-صفر سے شکست دے کر فیصلہ کُن جیت حاصل کی۔ رادھامنی لونگ جام نے بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اِکواڈور کی کھلاڑی کو پہلے ہی راؤنڈ میں ریفری اسٹاپڈ کانٹیسٹ کے ذریعے شکست دی۔ حالانکہ پراچی کو سلوواکیہ کی کھلاڑی سے پانچ-صفر سے شکست کا سامنا پڑا، جبکہ مردوں کے 70 کلو گرام کے زمرے میں پریانش سہراوت کو مراقش کے کھلاڑی نے پانچ-صفر سے شکست دی۔ شام کے سیشن میں چندریکا پجاری نے 50 کلو گرام کے زمرے میں امریکہ کی کھلاڑی کو پانچ-صفر سے شکست دے کر بھارت کے کھاتے میں ایک اور جیت کا اضافہ کیا۔ ×

## MDNIY-YOGA

مرار جی دیسائی نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف یوگا، آج نئی دلّی میں یوگا مہوتسو-2026 منعقد کرے گا۔ یوگ کے بین الاقوامی دن کی 100 دن کی اُلٹی گنتی کے آغاز کے موقع پر اس کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ آیوش کے وزیر پرتاپ راؤ جادھو اِس میں شرکت کریں گے۔ وزارت نے 100 دن کی اُلٹی گنتی کا پروگرام مرتب کیا ہے، جس میں 100 تنظیمیں، 100 مقامات اور شہروں میں یوگ کو بڑھاوا دے رہی ہیں۔ جناب جادھو نے کہا کہ اقوامِ متحدہ کی جنرل آسمبلی نے سال 2014 میں 21 جون کو یوگ کا بین الاقوامی دن قرار دینے کا تاریخی فیصلہ کیا تھا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ دنیا بھر میں یوگ کو تسلیم کیا جانا ملک کیلئے بہت فخر کی بات ہے، کیونکہ یوگ بھارت کے ثقافتی اور روحانی وراثت کا اٹوٹ حصہ ہے۔×

## DELHI GOVT-LPG

دلّی سرکار نے یقین دہانی کرائی ہے کہ قومی راجدھانی میں LPG، پیٹرول، ڈیزل اور PNG کی فراہمی مکمل طور پر معمول کے مطابق ہے اور ایندھن کی کوئی کمی نہیں ہے۔ حکومت نے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ گھبراہٹ میں زیادہ خریداری یا ذخیرہ اندوزی سے گریز کریں اور ایندھن کی سپلائی چین میں رکاوٹوں سے متعلق بے بنیاد افواہوں کو نظر انداز کریں۔ حکومت نے بتایا کہ LPG ری- فِل بکنگ کے کم از کم وقفے کو 21 دن سے بڑھا کر 25 دن کردیا گیا ہے۔ اس عمل کو آسان بنانے کیلئے حکومت نے بکنگ کیلئے ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے استعال کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ حکومت نے کہا کہ صارفین ویب پورٹل، SMS، مسڈ کال سروِس اور واٹس ایپ سمیت مختلف طریقوں سے بکنگ کرسکتے ہیں، جس سے گیس ایجنسیوں پر ذاتی طور پر جانے کی ضرورت نہیں رہے گی۔ حکومت نے مزید کہا کہ قانون نافذ کرنے والی ٹیمیں کالا بازاری اور ذخیرہ اندوزی کی روک تھام کیلئے سخت معائنہ کررہی ہیں۔×

**J&K LG-JUMAT UL VIDA**

جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج رمضان المبارک کے آخری جمعے، جمعتہ الوداع کے موقع پر عوام کو مبارک باد دی ہے۔ ایک پیغام میں لیفٹیننٹ گورنر نے ہر شہری کی صحت، مسرت اور خوشحالی کیلئے دعا کی۔×

**J&K CM-SASCI**

جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے اثاثہ جاتی سرمایہ کاری کیلئے ریاستوں کی خصوصی امداد SASCI اسکیم کے تحت پروجیکٹوں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کیلئے میٹنگ کی صدارت کی۔ اس جائزہ میٹنگ میں مختلف محکموں کی جانب سے جاری پروجیکٹوں کی پیش رفت، اصلاحات اور مواقع پر تفصیلی غور وخوض کیا گیا۔ محکمہ وار جامع جائزہ لیتے ہوئے وزیراعلیٰ نے پروجیکٹوں کی عملی اور مالی پیش رفت، فنڈز کے استعمال اور پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل میں حائل رکاوٹوں کا جائزہ لیا۔ وزیراعلیٰ نے اخراجات کی رفتار تیز کرنے، رکاوٹوں کو دور کرنے اور پروجیکٹوں کی تکمیل کیلئے مقررہ وقت اور معیار پر سختی سے عمل درآمد کو یقینی بنانے کیلئے واضح ہدایات جاری کیں۔×

**ISRAEL PM**

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ اسرائیلی حملوں میں ایران کے اعلیٰ جوہری سائنس داں ہلاک ہوگئے ہیں۔ کل رات ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نیتن یاہو نے ایران کے نئے رہبر اعلیٰ آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کو سپاہِ پاسداران انقلاب کا کٹھ پتلی قرار دیا اور کہا کہ وہ عوام کے سامنے نہیں آسکتے۔ انہوں نے ایران کے عوام سے کہا کہ آزادی کی جانب ایک نئے راستے کا لمحہ قریب آرہا ہے اور اسرائیل اُن کے ساتھ کھڑا ہے۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ آخر کار فیصلہ عوام کو ہی کرنا ہے اور یہ ان کے اپنے ہاتھ میں ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......محمد عمار

شکریہ - کلیم احمد

دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ انقلاب نے گھریلو گیس سلینڈروں کی فراہمی کے تعلق سے خبر کو نمایاں کیا ہے۔ اخبار کی سرخی ہے: ملک میں گیس سلینڈر، تیل اور پیٹرول

کی کوئی کمی نہیں، پیٹرولیم کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا کہ ملک کی خام تیل کی سپلائی مکمل طور پر محفوظ ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ امریکی اڈّے بند نہیں ہوئے، تو حملے جاری رہیں گے، ایران کے نو منتخب سپریم لیڈر کا بیان۔ IEA عالمی خام تیل کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے سے نمٹنے کیلئے اسٹریٹیجک ذخائر سے ریکارڈ 40 کروڑ بیرل تیل جاری کرے گی۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے لوک سبھا اسپیکر کے بیان کو نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ایوان کے وقار اور روایات کو برقرار رکھنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ روزنامہ پرتاپ نے ریلوے کے تحفظ کے سلسلے میں AI کے استعمال کے تعلق سے سرخی لگائی ہے، جس میں ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ بھارتی ریلوے، تکنیکی بہتری، حادثات کو روکنے اور مسافروں کو بہتر سہولت فراہم کرنے کیلئے مسلسل کوشاں ہے۔

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم مودی نے ایران کے صدر مسعود پیزیشکیان کے ساتھ مغربی ایشیاء کی صورتحال پر بات چیت کی۔ انہوں نے کشیدگی میں اضافے اور شہریوں کی ہلاکت پر تشویش کا اظہار کیا۔

2- ایران کے نئے رہبرِ اعلیٰ آیت اللہ مجتبیٰ خامنئی ای نے خلیجی عرب ممالک پر حملے جاری رکھنے اور آبنائے ہرمز کو بند کیے جانے کو امریکہ اور اسرائیل کے خلاف استعمال کرنے کا عہد کیا ہے۔

3- امریکی فوج کا ایندھن بھرنے کا ایک طیارہ آپریشن Epic Fury کے دوران عراق میں تباہ ہوگیا۔

4- وزیر اعظم نریندر مودی آج گوہاٹی سے پی-ایم کسان اسکیم کی 22 ویں قسط جاری کریں گے۔ وہ آسام میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز بھی کریں گے۔

5- نئی دلّی میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس گراں پری 2026 میں سُمت انٹِل نے نیزا پھینکنے کے مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

6- اور خواتین کے آئندہ FIH ہاکی عالمی کپ 2026 کیلئے بھارت نے اپنی جگہ پکّی کر لی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------